فوری ریلیز کے لیے: 18/10/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے صاف پانی کے تحفظ اور موسمیاتی تبدیلی کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے میں نیویارک کے کسانوں کو معاونت دینے کے لیے 13$ ملین سے زیادہ رقم کا اعلان کیا ہے

ریاست بھر کے کسانوں کی مدد کے لیے ترجیحی واٹرشیڈز میں پانی کے معیار میں اضافہ کرنے کے لیے 50 زرعی پروجیکٹس کے لیے فنڈنگ فراہم کی گئی

گورنر Kathy Hochul نے آج نیویارک کی ریاست بھر میں صاف پانی کے تحفظ اور نیویارک کے کسانوں کو موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے کے لیے اپنا کام جاری رکھنے میں مدد دینے کی خاطر 13$ ملین سے زیادہ کے ایوارڈ دینے کا اعلان کیا ہے۔ فنڈنگ زرعی پانی کے معیار کے تحفظ کے پروجیکٹس کو معاونت دیتی ہے، جس سے 50 فارمز کو فائدہ پہنچے گا، ترجیحی واٹرشیڈز میں پانی کے معیار کو بہتر بنایا جائے گا، اور ماحول کو تحفظ ملے گا۔ ان پروجیکٹس کو ریاست کے زرعی نان پوائنٹ سورس ایبیٹمنٹ اور کنٹرول پروگرام کے ذریعے مالی اعانت فراہم کی جاتی ہے۔

"ریاست نیویارک موسمیاتی تبدیلی کے خلاف جنگ میں قوم کی قیادت کر رہی ہے، اور یہ 13$ ملین کی فنڈنگ سب کے لیے ایک سرسبز و شاداب نیویارک بنانے کی ہماری کوششوں کے حصے کے طور پر تازہ ترین جرات مندانہ سرمایہ کاری ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میری انتظامیہ ریاست بھر میں مقامی کمیونٹیز کو ان کے واٹر شیڈز اور ماحولیات کو محفوظ بنا کر مستقبل کے لیے بہتر طور پر تیار ہونے میں مدد دینے کے لیے پُرعزم ہے۔ یہ پروجیکٹس فارمز پر پائیدار، مؤثر لاگتی ماحولیاتی مینجمنٹ پروگرامز کی ترغیب دے کر نیویارک کی آبی گزرگاہوں اور فارم کی زمینوں کو تحفظ مہیا کرے گا۔"

پروجیکٹس، فارمز کی جانب سے، 24 کاؤنٹی مٹی و پانی کے تحفظ کے اضلاع (Soil and Water Conservation Districts) کو ایوارڈ کیے گئے، جو آن فارم ماحولیاتی منصوبہ بندی اور بہترین مینجمنٹ طریقہ کار (best management practice, BMP) کے نظاموں کے نفاذ میں معاونت دیں گے تاکہ غذائی اجزا اور دیگر ممکنہ کیمیائی اجزا کو آبی گزرگاہوں میں داخل ہونے سے روکا جا سکے۔ BMPs میں مختلف قسم کے اقدامات شامل ہیں، جن میں ندیوں کے ساتھ پودوں کی پنیری لگانا، حفاظتی فصلیں لگانا، کھاد ذخیرہ کرنے، اور دیگر تحفظاتی اقدامات کے ذریعے غذائیت کے انتظام کو بڑھانا شامل ہے۔

زرعی نان پوائنٹ سورس ایبیٹمنٹ اور کنٹرول پروگرام کے لیے راؤنڈ 28 گرانٹس درج ذیل کو ایوارڈ کی گئیں:

- **دارالحکومتی علاقہ:** ایک فارم پر کام کرنے کے لیے 344,100$
- **وسطی نیویارک:** 14 فارمز پر کام کرنے کے لیے 3,171,731$
- **فنگر لیکس:** آٹھ فارمز پر کام کرنے کے لیے 3,769,447$
- **موہاک ویلی:** تین فارمز پر کام کرنے کے لیے 1,447,718$
- **شمالی ملک:** 14 فارمز پر کام کرنے کے لیے 2,040,152$
- **جنوبی سلسلہ:** پانچ فارمز پر کام کرنے کے لیے 1,554,356$
- **مغربی نیویارک:** پانچ فارمز پر کام کرنے کے لیے 803,172$

ایوارڈ کردہ پروجیکٹس کی مکمل فہرست کے لیے، براہ کرم محکمہ زراعت و مارکیٹس کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

گزشتہ 28 سالوں سے، ریاست نیویارک نے ریاست بھر میں 600 سے زائد الگ واٹر شیڈز کا احاطہ کرنے والے پروجیکٹس کو معاونت دی ہے، جن میں 1,350 غذائی مینجمنٹ اور کھاد کے ذخیرہ جاتی پروجیکٹس شامل ہیں تاکہ کھیتوں کو غذائیت کی فراہمی اور فصلوں کو درکار غذائیت کو فعال طور پر متوازن کرنے میں مدد ملے، جس سے ماحول کو فائدے حاصل ہوں اور فارم کی زرخیزی میں اضافہ ہو۔ غذائی اجزاء اور تلچھٹ کو فلٹر کرنے، سطحی پانی کے تحفظ، ندی کے کنارے کو مستحکم کرنے، آبی مسکنوں کو بہتر بنانے اور سیلاب سے ہونے والے اثرات کو کم کرنے کے لیے 800 ایکڑ سے زیادہ آبی کناروں پر پودوں کی پنیریاں لگائی گئی ہیں۔

علاوہ ازیں، کٹاؤ کو روکنے، مٹی کے معیار کو بہتر بنانے اور زمین میں نامیاتی مادوں میں اضافہ کرنے میں مدد دینے کے لیے 140,000 ایکڑ سے زیادہ حفاظتی فصلیں لگائی گئی ہیں، جو کاشت کے موسم میں فصل کی ضرورت کے مطابق زیادہ نمی برقرار رکھتی ہیں۔ حفاظتی فصلیں کاربن کو بھی الگ کرتی ہیں، جس سے نیویارک کے کسانوں کو موسمیاتی تبدیلی سے نبرد آزما ہونے میں مدد ملتی ہے۔ اس پروگرام کے راؤنڈ 28 کے ذریعے، 5,600 ایکڑ سے زائد پر حفاظتی فصلیں لگائی جائیں گی۔ پودوں کی پنیریاں لگانا دوسرا ایسا طریقہ کار ہے جو کہ پانی کے معیار کو بہتر بنانے کے فوائد کے علاوہ کاربن کو بھی الگ کرتا ہے۔ راؤنڈ 28 کے ذریعے 28 ایکڑ سے زائد جڑی بوٹیوں اور جنگلاتی پنیریوں کو لگایا جائے گا۔

ریاستی کمشنر برائے زراعت Richard A. Ball نے کہا، "کسان زمین کی بہتر دیکھ بھال کرتے ہیں، اور، ریاست بھر میں کاؤنٹی مٹی و پانی کے تحفظاتی اضلاع کے ساتھ شراکت داری میں کام کرتے ہوئے، وہ اس طریقے سے کاشتکاری کے لیے پُرعزم ہیں جو ان کے ماحولیاتی نظام پر اثرات کو کم کرے اور ہمارے قدرتی وسائل کی حفاظت کرے۔ اس طرح کے پروگرامز ریاست نیویارک کو موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے اور سب کے لیے ایک صحت مند، فروغ پذیر ماحول کو یقینی بنانے میں امریکہ کی قیادت جاری رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔"

محکمہ موحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا، "گورنر Hochul کی ماحولیاتی تحفظ کے فنڈ میں ریکارڈ سرمایہ کاری کے ساتھ ریاست صاف پانی کے تحفظ کے لیے بے مثال سرمایہ کاریاں کر رہی ہے۔ یہ نئی گرانٹس کسانوں کو ان کے روزمرہ کے کام میں مدد فراہم کریں گی اور یہ اس بات کی ایک اہم مثال ہے کہ یہ فنڈنگ کس طرح نیویارک ریاست میں ماحولیات کے لحاظ سے مناسب مینجمنٹ کے ان طریقوں کو یقینی بنا سکتی ہے جو ہمارے قدرتی وسائل کی حفاظت کرتے ہیں۔ DEC کو اپنے تمام ریاستی شراکت داروں کے ساتھ مل کر اس طرح کے پروجیکٹس پر کام کرنے پر فخر ہے تاکہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک صاف ستھرے، زیادہ پائیدار ماحول کی خاطر ہم اپنے آب و ہوا کے اقداماتی اہداف کو حاصل کر سکیں۔"

ریاست نیویارک مٹی و پانی کی تحفظاتی کمیٹی کے چیئرمین Dale Stein نے کہا، "آج اعلان کردہ ایوارڈز نیویارک بھر میں فارمز اور مٹی و پانی کے تحفظ کے اضلاع کو پانی کے معیار کو برقرار رکھنے اور آنے والے کئی سالوں تک مٹی کی زرخیزی میں اضافہ کرنے میں مدد دیں گے۔ ہم پُرجوش ہیں کہ Ag نان پوائنٹ پروگرام نیویارک کی زراعت پر بہت بڑا اثر ڈالتا ہے اور فارمز کو موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا مقابلہ کرنے اور اپنی زمین کی دیکھ بھال کرنے میں مدد دیتا ہے۔"

ریاستی سینٹر Michelle Hinchey نے کہا، "نیویارک کے کسان ہمارے قدرتی وسائل کے رہنما قائد ہیں، اور موسمیاتی بحران میں شدت آنے کے ساتھ، ہمارے صاف پانی کے وسائل اور ہماری غذائی کاشت کاری کی زمینوں کے تحفظ کے لیے انہیں براہ راست مالی امداد فراہم کرنا سب سے زیادہ اہمیت کا حامل رہا ہے۔ نیویارک کی آب و ہوا کی قیادت اور زرعی پائیداری ایک دوسرے سے ہم آہنگ ہے، اور زرعی نان پوائنٹ سورس ایبیٹمنٹ اور کنٹرول پروگرام کے لیے ہم سال بہ سال جو فنڈنگ محفوظ کرتے ہیں وہ ہمیں اس شراکت داری کو مضبوط رکھنے میں مدد دیتی ہے۔"

رکن اسمبلی Donna Lupardo نے کہا، "زرعی نان پوائنٹ سورس پروگرام کسانوں کو موسمیاتی تبدیلی سے پڑنے والے اثرات کو حل کرنے میں مدد دینے کی خاطر اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہ پروگرام آن فارم ماحولیاتی منصوبہ

بندی کے لیے، خصوصاً انفرادی فارم کے لیے تیار کردہ بہترین طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے پانی کو آلودہ ہونے سے بچاتا ہے۔ میں تخفیف کے عمل کے لیے کی جانے والی ان تمام کوششوں کو سراہتی ہوں اور مٹی و پانی کے تحفظاتی اضلاع، اور کسانوں کا خصوصاً شکریہ ادا کرنا چاہوں گی جنہوں نے ان فنڈز کو حاصل کرنے کے لیے درخواستیں دی ہیں۔"

ریاست نیویارک کا محکمہ زراعت اور مارکیٹس، نیویارک مٹی و پانی کی تحفظاتی کمیٹی کے ساتھ مل کر زرعی نان پوائنٹ سورس ایبیٹمنٹ اور کنٹرول پروگرام کا انتظام کرتا ہے۔ یہ پروگرام زرعی ماحولیاتی مینجمنٹ فریم ورک کا حصہ ہے، ایک وسیع تر کوشش کہ جو کسانوں کو ماحولیاتی ذمہ داری اور مزید کارگر، مؤثر لاگتی کاشت کاری کے نظاموں کی بلند سطح پر لے جانے میں مدد دیتی ہے۔

زرعی نان پوائنٹ سورس ایبیٹمنٹ اور کنٹرول پروگرام ریاست کی ان کوششوں کو آگے بڑھاتا ہے جو پانی کے معیار کو تاریخی تحفظات فراہم کرتی ہیں، بشمول ریاست کا بے مثال 3.5$ بلین کا عزم جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ نیویارک کے تمام باشندوں کی صاف پانی تک رسائی حاصل ہو اور وہ موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے جارحانہ اقدام اپنانے کو تیار ہوں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418